ذریعہ وفاقی شرعی عدالت کے مذکورہ فیصلے کو چیلنج کردیا گیا ہے۔ اور اسطرح ملکی تاریخ میں ایک طویل اور علمی و تحقیقی مقدمے کی بنیاد ڈالی گئی۔ چند ماہ پیشتر اس مشہور مقدمہ کی سماعت کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا گیا۔

زیر تبصرہ خصوصی شمارہ اس سلسلہ کی کڑی ہے جس میں سود کے متعلق انتہائی سیر حاصل مضامین شامل ہیں۔ جس میں ہر مقالہ بجائے خود ایک اعلیٰ تحقیقی شاہکار ہے۔ بالخصوص مدیر اعلیٰ حافظ عبدالرحمان مدنی کا وہ طویل تحریری بیان ہے جو کہ آپ نے عدالت عظمیٰ میں پیش کی۔ علاوہ ازیں محمد عطاءاللہ صدیقی کا مضمون مغرب میں سودی بینکاری کے بدلتے رجحانات اور حافظ ضیاء اللہ برنی کا مقالہ سود نمبر اقوام میں خاصے کی چیز ہیں۔

محدث کا یہ خصوصی شمارہ اپنی نوعیت واہمیت کے اعتبار سے اس قابل ہے کہ اس کو تحقیقی اور علمی موضوعات پر مشتمل کتابوں کی فہرست میں اہم مقام دیا جائے۔

ماہنامہ : الاشرف کراچی (قرآن نمبر جلد ۳)

مدیر مسئول : مولانا محمد اسلم شیخوپوری مدظلہ ضخامت : ۳۵۲

ملنے کا پتہ : ماہنامہ الاشرف کراچی۔ الاحمد مینشن گلشن اقبال کراچی۔

زیر تبصرہ کتاب ماہنامہ الاشرف کراچی قرآن نمبر کی تیسری جلد ہے۔ یہ حصہ بھی دوسری جلد کی طرح تلاوت کے موضوع پر ہے۔ مضامین کی تلاوت موضوع کے احتواء اور صدری و معنوی حسن کے اعتبار سے یہ نمبر بلاشبہ ایک تحقیقی علمی اور تاریخی دستاویز ہے جسکی ترغیب و تدوین میں مدیر مسئول محترم مولانا محمد اسلم صاحب شیخوپوری مدظلہ کے حسن ذوق اور شستہ معیار انتخاب کا بڑا دخل ہے ویسے تو فہرست پر نظر دوڑانے سے اس نمبر کی اہمیت و عظمت اور مضامین کی اہمیت کا پتہ چلتا ہے۔ مگر بادی النظر میں مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابو الحسنی علی ندوی مدظلہ کا قرآن مجید کے ساتھ عشق حضرت مولانا مفتی رشید احمد صاحب کا حقوق القرآن اور علامہ حافظ جلال الدین سیوطیؒ کا افضل حصہ قرآن کی تلاوت جیسے مضامین انتہائی اہم ہیں۔ ہماری